ع مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

حضرت مولانا ہمارے بہت ہی مشفق ومہربان بزرگ ہیں ۔ آپ ملک کے قابل فاضل ، مصنف ومؤلف اور ماہنامہ " الرشید" کے ایڈیٹر ہیں ۔ مشاہیر امت" پر آپکی مرتب کردہ سوانحی خدمات ناقابل فراموش ہیں ۔ اور خصوصاً امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ کے صحیح عشاق میں سے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس حادثہ پر صبر کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔ دارالعلوم ، ادارہ" الحق" اور ہم ان کے ساتھ اس غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ دارالعلوم میں مرحومہ کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی ۔

ع آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے

* * * * * * *

عیسائی راہبہ آنجہانی مدر ٹریسا کی وفات

پچھلے دنوں ہندوستان میں مشہورومعروف نوبل انعام یافتہ مدر ٹریسا انتقال کرگئیں ۔ نے عمر بھر عیسائیت کی ترویج میں زبردست حصہ لیا اور اپنے آپ کو اس کیلئے وقف کیا ۔ مدر ٹریسا جو بظاہر ایک فلاحی وسماجی ورکر خاتون تھیں لیکن حقیقت میں مشنریز کیلئے کام کرتی رہیں ، اور ہندوستان میں ھزاروں افراد کو اپنے تبلیغ کی بدولت عیسائی بنایا ۔ اور پھر ان کے اسی کارنامے کے پیش نظر ان کو نوبل انعام سے نوازا گیا ۔ ۱۳ ستمبر کو کلکتہ میں پورے پروٹوکول کے ساتھ ان کو دفن کیا گیا ۔ جس میں دنیا بھر کے سربراہان مملکت نے شرکت کی ۔ ہندوستان میں کئی ہندو پارٹیوں نے ایک عیسائی مبلغہ کو اس طرح کا پروٹوکول دینے پر احتجاج بھی کیا ہے ۔ اور کہا جارہا ہے کہ اس راہبہ نے درحقیقت انسانیت کی خدمت کے نام پر عیسائیت کا پرچار کیا ۔

* * * * *

وفیات

گذشتہ دنوں جمعیت علماء اسلام فیصل آباد ڈویژن کے امیر (سابق امیر جمعیت علماء اسلام پنجاب) جناب مولانا نصیرالدین نقشبندی کو پے درپے حادثات پیش آئے ۔ سب سے پہلے ان کی ماجدہ والدہ کا انتقال ہوا اور پھر ان کے ماموں فوت ہوئے اور پھر ان کا نواسا خالق حقیقی سے جاملے ۔ ان پے درپے امتحانات وحوادث کا تصور بھی مشکل ہے ۔ اسکے ساتھ " الحق" کے ایک معزز قاری جناب خالد محمود فاروقی کے والد محترم بھی وفات پاچکے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو غریق رحمت کرے ۔ اور ان کے پسماندگان کو اس جانکاہ حادثہ پر حوصلہ بخشے ۔ ادارہ جمعیت علماء اسلام ان کے غم میں برابر کا شریک ہے ۔